ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(569)

مورخہ26.10.2023

**بہاولپور ( )ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری، تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کی کامیاب کارروائی، آصف لنڈا گینگ کا سرغنہ اپنے ساتھی سمیت گرفتار۔لاکھوں مالیت کے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کیئے جا رہے ہیں۔عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں،ڈی پی او**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں شہریوں کو ریلیف مہیا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث آصف لنڈا گینگ کے 02 کارندوں آصف اور عرفان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے چوری شدہ لاکھوں روپے مالیت کی 09عدد موٹر سائیکلز برآمد کر لیے۔گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے،جلد گینگ کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کر لیا جائے گا۔برآمدشدہ موٹر سائیکلز ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کی جا رہی ہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال ریکور کرایا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کی کامیاب کارروائی، آصف لنڈا گینگ کا سرغنہ اپنے ساتھی سمیت گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(570)

مورخہ 26.10.2023

**بہاولپور(          )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،منشیات فروشوں کے خلاف تھانہ سول لائنز کی کامیاب کارروائی 02 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سول لائنز پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر 02ملزمان آصف قریشی عرف بچھو اور محمد بخش عرف مما کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 کلو 400 گرام چرس اور 02 کلو 200 گرام افیون برآمد کرلی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، منشیات ایک لعنت ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔بہترین کارروائی پر ڈی پی او سید محمد عباس نے تھانہ سول لائنز پولیس کو سراہا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،منشیات فروشوں کے خلاف تھانہ سول لائنز کی کامیاب کارروائی ملزمان بھاری مقدار میں منشیات سمیت گرفتار